اور قرآنی تفسیر پر ہیں۔ اگرچہ طلبہ کالج علی گڑھ سے جو توقع ہونی چاہئے تھی وہ بحیثیت مجموعی اس خاص نمبر سے پوری نہیں ہوتی۔ تاہم جہاں تک شیخ سے متعلق عام معلومات کا تعلق ہے اس میں اچھے اچھے اور لائق مطالعہ اور مفید مضامین ہیں مگر افسوس ہے کہ صحت نامہ کی طویل فہرست کے باوجود کتابت وطباعت کی غلطیاں جابجا رہ گئی ہیں

سہ روزہ دعوت کا روزہ نمبر۔ مرتبہ اقبال احمد صاحب انصاری وغیرہ۔ تقطیع کلاں ضخامت ٣٠٤ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت عہ/ر۔ پتہ: دفتر سہ روزہ دعوت۔ بحلاکش گنج دلی۔

اس نمبر میں روزہ سے متعلق چھوٹے بڑے نظم ونثر کے پچیس مضامین ہیں جن میں روزہ اور اس کے متعلقات، اعتکاف اور تراویح وغیرہ پر مختلف حیثیتوں سے سنجیدہ اور موثر گفتگو کی گئی ہے جن کو پڑھکر اسلام میں روزہ کے حکم کی اہمیت وعظمت کا احساس بھی پیدا ہوتا ہے اور اس سے متعلق بعض مفید علمی اور تاریخی معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ اس بنا پر دعوت کے سابقہ خاص نمبروں کی طرح یہ نمبر بھی مسلمانوں کے لئے مطالعہ کے لائق اور مفید ہے

دانش کا خصوصی نمبر۔ اڈیٹر سید احمد عروج صاحب قادری۔ ضخامت ٩٦ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ:۔ دفتر ماہنامہ دانش۔ رامپور۔

ماہنامہ دانش اسلامی ادب کا ترجمان ہے جس کا مقصد ادب کی مروجہ اقسام یعنی شاعری، افسانہ، ڈرامہ اور مضامین ومقالات کے ذریعہ زندگی کی صحیح اور صالح قدروں کو نمایاں کرنا ہے تاکہ ناپسند ادب کے نام سے اب سے چند برس پہلے بہت کچھ اور اب نسبۃً ذرا کمی کے ساتھ جو بے عنوانیاں ہو رہی ہیں، اُن کے زہر کے لئے تریاق کا سامان مہیا ہوتا رہے۔ ادب کو اگر غلط پروپیگنڈے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے تو صحیح وصالح اقدار حیات کی تبلیغ واشاعت کے لئے اُس کا استعمال ممنوع قرار دیا جائے؟ چنانچہ اس ماہنامہ کے عام نمبروں کی طرح اس میں بھی افسانے ہیں جو اچھے بھی ہیں اور تراجم بھی۔ نظمیں اور غزلیں بھی ہیں اور مقالات ومضامین اور کچھ شذرات قسم کے بھی۔ تاہم اس قدر عرض کرنا ضروری ہے کہ ہماری رائے میں ایک ادبی پرچہ کو ادبی ہی رہنا